سوال

(62) قیامت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قیامت کی نشانیوں میں سے کیا کنوؤں اور مسجدوں کا بکثرت پایا جانا شامل ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کنوؤں کا کثرت سے پایا جانا قیامت کی علامات سے ہو میرے علم میں نہیں البتہ مسجدوں کا تذکرہ بعض انداز میں ملتا ہے۔ مثلاً فرمایا:

مساجدہم عامرة وہی خراب من الہدیٰ

(رواہ البیہقی فی شعب الایمان بحوالہ مشکوٰة کتاب العلم)

یعنی ''مسجدیں ان کی آباد ہوں گی۔ اور حقیقت میں خراب ہوں گی ہدایت سے یعنی مسجدیں قرآن وسنت کے درس اور ذکر الٰہی سے خالی اور بے رونق ہوں گی۔'' (مرقاة)

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص239

محدث فتویٰ